## عوام کے اتحاد سے ایم کیوایم کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنادیں گے، انور عالم

### رابطہ کمیٹی کی زیرصدارت ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ، سیکٹر اور یونٹوں کے کارکنان کا اجلاس

کراچی۔۔۔14/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کے مختلف ونگز، شعبہ جات اور سیکٹرز و یونٹوں کے کارکنان کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم کے خلاف جاری سازشوں، کراچی میں بجلی کے سنگین بحران، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام میں پائے جانی والی بے چینی پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم کی زیرصدارت ہونیوالے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایم کیوایم کے خلاف بے بنیاد اور جھوٹے پروپیگنڈوں کے خاتمے کیلئے عوامی رابطہ مہم تیز کی جائے اور گھر گھر رابطہ کرکے عوام کو اصل حقائق سے آگاہ کیا جائے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد سیاسی رہنما ہیں جو غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ کی ملک گیر مقبولیت سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ شدید خوف زدہ ہیں اور وہ ملک بھر کے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کیلئے جھوٹے پروپیگنڈے کررہے ہیں تاکہ ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کا راستہ روکا جاسکے۔ اجلاس میں کراچی میں بجلی کے سنگین بحران اور طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی اور ارباب اختیار سے مطالبہ کیا گیا کہ کراچی میں بجلی کے بحران پر قابو پانے کیلئے فوری عملی اقدامات کیے جائیں اور عوام میں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کیے جائیں۔

## قاضی حسین احمد جو حدود اللہ کی بات کرتے ہیں وہ ایک ایسے شخص کی حمایت کس منہ سے کررہے ہیں جو حدود اللہ کی خلاف ورزی کا مرتکب ہے؟ ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔14، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد کی جانب سے ایم کیوایم کے خلاف مقدمے کے سلسلے میں عمران خان کی حمایت اور تعاون کے اعلان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ قاضی حسین احمد جو حدود اللہ کی بات کرتے ہیں وہ ایک ایسے شخص کی حمایت کس منہ سے کررہے ہیں جو حدود اللہ کی خلاف ورزی کا مرتکب ہے؟ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک جانب تو قاضی حسین احمد شریعت اور حدود اللہ کی بات کرتے ہیں جبکہ دوسری جانب وہ ایم کیوایم دشمنی میں ایک ایسے شخص کی حمایت کررہے ہیں جو ایک ناجائز بچی کا باپ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قاضی حسین احمد قوم کے سامنے اپنی پوزیشن واضح کریں کہ وہ کس منہ سے عمران خان جیسے شخص کی حمایت کا اعلان کررہے ہیں؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ قاضی حسین احمد قوم کو اس بات کا بھی جواب دیں کہ اسلامی تعلیمات کے مطابق جو شخص قابل تعزیر ہو اس کی حمایت کرنا اور اس کو ساتھ بٹھانا کیا حدود اللہ کی خلاف ورزی نہیں؟ اور کیا قاضی حسین احمد کا یہ عمل شریعت اور اسلامی تعلیمات کے مطابق ہے؟

## بلوچستان کے مختلف اضلاع میں اے پی ایم ایس او کا یوم تاسیس روایتی جوش وخروش سے منایا گیا

کوئٹہ۔۔۔14/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے زیراہتمام کوئٹہ کے صوبائی دفتر، خضدار، نصیر آباد ڈیرہ مراد جمالی، جعفر آباد، ڈیرہ اللہ یار، اوستہ محمد، پشین، زیارت، سبی، گوادر، لورالائی اور موسیٰ خیل کے ضلعی دفاتر میں اے پی ایم ایس او کا 29 واں یوم تاسیس روایتی جوش وخروش سے منایا گیا اور حق پرستی کی جدوجہد میں ثابت قدم رہنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقدہ اجلاسوں میں ایم کیوایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، مختلف اضلاع کے ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ جامعہ کراچی میں لگائے گئے حق پرستی کے پودا آج ایک تناور درخت کی شکل اختیار کرچکا ہے جس کی شاخیں ملک بھر میں پھیل چکی ہیں اور طلباء تنظیم کے بطن سے نکلنے والی عوامی تحریک ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں منعقد ہونے والے اجلاسوں میں ایم کیوایم کی ترقی، کامیابی، حق پرستی کے پیغام کے فروغ اور جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعائیں بھی کی گئیں۔

## جماعت اسلامی لوڈ شیڈنگ کی آڑ میں کراچی کا امن غارت کررہی ہے، ارکان سندھ اسمبلی
## جماعت اسلامی نے کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے اپنی ٹاسک فورس کے دہشت گردوں کو متحرک کردیا ہے
## صوبہ سرحد، بلوچستان اور صوبہ پنجاب میں لوڈ شیڈنگ اور بجلی کے بحران پر جماعت اسلامی نے خاموشی اختیار رکھی ہے

کراچی۔۔۔14/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی لوڈ شیڈنگ کی آڑ میں کراچی کا امن وامان تباہ کررہی ہے اور اس حوالے سے جماعت اسلامی نے منور حسن کی سربراہی میں بننے والی ٹاسک فورس کے دہشت گردوں کو متحرک کردیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کا بحران اور لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ کراچی سمیت ملک بھر میں سنگین صورت اختیار کررہا ہے لیکن جماعت اسلامی کے لیڈران بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خلاف عوام کے احتجاج کی آڑ میں شہر کا امن غارت کررہی ہے ہیں۔ اس احتجاج کی آڑ میں شہر میں گاڑیوں اور دیگر املاک کو نذر آتش کرنے اور تشدد کی دیگر کارروائیوں میں جماعت اسلامی اس ٹاسک فورس کے تربیت یافتہ دہشت گرد ملوث ہیں جو منور حسن کی سربراہی میں قائم کی گئی ہے اور جس کا مقصد مختلف ایشوز کی آڑ میں کراچی کا امن وامان تباہ وبرباد کرنا ہے تاکہ کراچی میں تعمیر وترقی کے سفر کو روکا جاسکے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ لوڈ شیڈنگ اور بجلی کا بحران صرف کراچی میں ہی نہیں ہے بلکہ یہ مسئلہ ملک بھر میں سنگین صورت اختیار کرچکا ہے۔ صوبہ سرحد اور بلوچستان جہاں متحدہ مجلس عمل صوبائی حکومتوں میں شامل ہے صوبہ پنجاب بالخصوص لاہور جہاں جماعت اسلامی کا ہیڈ کوارٹر ہے وہاں کے عوام بھی بجلی کے بحران سے شدید مشکلات کا شکار ہیں لیکن صوبہ سرحد، بلوچستان اور صوبہ پنجاب میں لوڈ شیڈنگ پر جماعت اسلامی والوں نے خاموشی اختیار کررکھی ہے کیونکہ اس کا مقصد لوڈ شیڈنگ سے عوام کو نجات دلانا نہیں بلکہ لوڈ شیڈنگ کے نام پر کراچی کا امن تباہ کرنا ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی کے عوام سے کہا کہ وہ منافقین کی جماعت اور ان کی قائم کردہ ٹاسک فورس کے دہشت گردوں کی اشتعال انگیز کارروائیوں سے ہوشیار رہیں، اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور پرامن رہ کر کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔

## پاکستان تحریک انصاف (انصاف گروپ) کے سربراہ فاروق ملک کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات
## 12 مئی کو ایم کیو ایم کے خلاف دہشت گردی پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔14، جون 2007ء

پاکستان تحریک انصاف (انصاف گروپ) کے سربراہ فاروق ملک نے جمعرات کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے پبلک سیکریٹریٹ خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب بخاری، ایم کیو ایم کی پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی اور پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران فاروق ملک نے 12 مئی کو اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے ایم کیو ایم کی پرامن ریلی کے شرکاء پر مسلح دہشت گردی کی شدید مذمت کی اور ایم کیو ایم کے کارکنان کی شہادتوں پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے حق پرستانہ پیغام کو ملک بھر میں پھیلنے سے روکنے کیلئے اس کے خلاف گھناؤنی سازش کی گئی اور 12 مئی کا افسوسناک واقعہ اسی سازش کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف (انصاف گروپ) 12 مئی کو کراچی میں اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے کی جانے والی مسلح دہشت گردی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے 12، مئی کے افسوسناک واقعہ میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکنان وہمدردوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی اور مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

☆☆☆☆☆